Royal College of Anaesthetists

# کسی ایسے شخص کی دیکھ بھال کرنا جسے عام اینیستھیٹک (سن کرنے والی دوا) یا اسیڈیشن (مسکن دوا) دی گئی ہو

ایک عام اینیستھیٹک یا اسیڈیشن (مسکن دوا) کے بعد 24 گھنٹے تک مریضوں کی سوچنے سمجھنے اور فیصلہ کرنے کی صلاحیت متاثر ہوسکتی ہے۔

اس وقت کے دوران انہیں چاہئے:

- بچوں یا دیگر لوگوں کی دیکھ بھال کے لیے ذمہ دار نہ بنیں
- گاڑی یا سائیکل نہ چلائیں
- کھانا نہ پکائیں اور نہ ہی کوئی مشینری استعمال کریں
- کوئی اہم فیصلہ نہ کریں، یہاں تک کہ اگر وہ سمجھتے ہیں کہ وہ ٹھیک محسوس کر رہے ہیں
- سماجی میڈیا/عوامی فورمز پر پوسٹ کرنے سے گریز کریں
- الکوحل نہ پیئیں۔

آپ سے کسی رشتہ دار یا دوست کو گھر لے جانے کے لئے کہا گیا ہے جن کا علاج کے لئے اسیڈیشن (مسکن دوا) یا عام اینیستھیٹک (سن کرنے والی دوا) لگا کر عمل کیا گیا تھا۔ یہ کتابچہ آپ کو اس بارے میں عمومی معلومات فراہم کرتا ہے کہ انہیں صحت یاب ہونے کے دوران کیا کرنا چاہئے اور کیا نہیں کرنا چاہئے اور آپ کو کیا توقع رکھنی چاہیئے۔ اس سے آپ کو آگے کی منصوبہ بندی کرنے میں مدد ملے گی۔

## مجھے کیا توقع کرنی چاہیئے؟

اسیڈیشن (مسکن دوا) یا اینیستھیٹک کچھ مریضوں کو تھوڑا سا الجھن میں ڈال سکتی ہے اور علاج کے بعد غیر مستحکم بنا سکتی ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ، یہ ان کے فیصلے کی صلاحیت کو متاثر کر سکتی ہے اس لیے ہو سکتا ہے کہ وہ واضح طور پر سوچنے کے قابل نہ ہوں۔ یہ 24 گھنٹے تک چل سکتا ہے، لہذا اگلے دن تک۔ اس دوران آپ کو ان پر گہری نظر رکھنی چاہیئے۔ اس بات پر غور کرنا مددگار ثابت ہوسکتا ہے کہ جب وہ ہسپتال سے گھر آئیں گے تو وہ کس طرح گزارہ کریں گے۔ مثال کے طور پر، اگر بستر کو گراؤنڈ فلور پر منتقل کیا جائے تو کچھ لوگوں کے لیے یہ مددگار ثابت ہو سکتا۔

## میں اپنے دوست یا رشتہ دار کو کب لے جا سکتا ہوں؟

اسپتال میں عملہ انہیں صرف اس وقت گھر جانے کی اجازت دے گا جب وہ طریقۂ کار سے اچھی طرح صحت یاب ہو جائیں، اور آپ ان کے ساتھ موجود ہوں۔ چونکہ مریضوں کو عام اینیستھیٹک یا اسیڈیشن (مسکن دوا) کے بعد 24 گھنٹے تک گاڑی نہیں چلانی چاہیے، آپ کو 18 سال سے زیادہ عمر کے قابل بالغ ہونا چاہیے اور انہیں مثالی طور پر کار یا ٹیکسی سے گھر لے جانا چاہیے - پبلک ٹرانسپورٹ سے نہیں۔

عملہ آپ کو فراغت کا صحیح وقت نہیں دے سکے گا کیونکہ کچھ مریضوں کو اینیستھیٹک، اسیڈیشن (مسکن دوا) یا سرجری کے بعد صحت یاب ہونے میں دوسروں سے زیادہ وقت لگتا ہے۔ تاہم، آپ کو کال کرنے کے لیے ممکنہ وقت یا ایک نمبر دیا جائے گا۔ نرس آپ سے رابطہ کرنے کے لیے آپ کا فون نمبر بھی لے گی۔ اگر مریض چلنے پھرنے کے قابل نہیں ہے تو وہیل چیئر فراہم کی جانی چاہیئے تاکہ وہ آپ کی سواری میں محفوظ طریقے سے جا سکیں۔

## کیا مجھے بتایا جائے گا کہ مجھے کیا کرنا ہے؟

ڈاکٹر آپ کے دوست یا رشتہ دار کے لیے مخصوص تحریری ہدایات دیں گے، جن میں شامل ہونا چاہیے:

- جب وہ گھر جائیں تو کیا توقع کریں
- طریقۂ کار کے بعد کھانے، پینے اور اپنی عام دوا لینے کے بارے میں ہدایات
- اگر آپ یا ان کے کوئی سوالات ہیں یا اگر وہ ٹھیک محسوس نہیں کرتے ہیں یا کوئی تشویش کی بات ہے تو اسپتال میں رابطہ کرنے کے لئے ایک نمبر
- اپنے طریقۂ کار کے بعد وہ کام جو وہ کر سکتے ہیں اور نہیں کر سکتے
- کسی بھی اضافی دوا کے بارے میں معلومات جو انہیں لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، جیسے درد سے آرام کی دوا
- زخموں کی صفائی اور دیکھ بھال کے بارے میں معلومات۔ آپ کو یہ ہدایات اپنے دوست یا رشتہ دار کے ساتھ پڑھنی چاہئیں اور ان پر عمل کرنے کو یقینی بنانے میں مدد کرنی چاہیئے۔

## میرے دوست یا رشتہ دار کو گھر میں کیا کرنا چاہیئے۔

یہ ان کے طریقۂ کار کی قسم اور ہسپتال کی ہدایات پر منحصر ہوگا۔ عام طور پر، انہیں چاہئے:

- ان کی صحت یابی میں مدد کے لئے وہ کافی آرام حاصل کریں
- اگر وہ غیر مستحکم ہیں تو بغیر مدد کے نہ چلیں، اور مثالی طور پر سیڑھیوں سے گریز کریں
- ان کی معمول کی دوا لینے اور درد سے آرام کے بارے میں اسپتال کی ہدایات پر احتیاط سے عمل کریں
- کھانے، پینے اور دھونے کے بارے میں ہسپتال کی طرف سے دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

## انہیں کیا نہیں کرنا چاہیئے؟

وہ واضح طور پر سوچنے کے قابل نہیں ہو سکتے ہیں اور اینیستھیٹک یا اسیڈیشن (مسکن دوا) کے بعد 24 گھنٹے تک ان کا فیصلہ متاثر ہوسکتا ہے۔ اس وقت کے دوران انہیں چاہئے:

- بچوں یا دیگر لوگوں کی دیکھ بھال کے لیے ذمہ دار نہ بنیں
- گاڑی یا سائیکل نہ چلائیں
- کھانا نہ پکائیں اور نہ ہی کوئی مشینری استعمال کریں
- الکوحل نہ پیئیں۔
- کوئی اہم فیصلہ نہ کریں، یہاں تک کہ اگر وہ سمجھتے ہیں کہ وہ ٹھیک محسوس کر رہے ہیں
- سوشل میڈیا/ پبلک فورمز پر پوسٹ کرنے سے گریز کریں۔

ہم اس کتابچہ میں معلومات کو صحیح اور تازہ ترین رکھنے کے لئے سخت کوشش کرتے ہیں، لیکن ہم اس کی ضمانت نہیں دے سکتے۔ ہمیں توقع نہیں ہے کہ یہ عام معلومات ان سارے سوالوں کا احاطہ کر سکیں جو آپ کے پاس ہو سکتے ہیں یا ہر اس چیز کا جواب دے سکیں جو آپ کے لئے اہم ہے۔ اس کتابچہ کو بطور گائیڈ استعمال کر کے، آپ اپنے اختیارات یا پرشانیوں کے بارے میں اپنی طبی ٹیم سے مشاورت کر سکتے ہیں۔ اس کتابچہ کو بذات خود نصیحت نہ سمجھا جائے۔ اسے کسی بھی تجارتی یا کاروباری مقصد کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے۔ مکمل دست برداری کے لئے، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔

(www.rcoa.ac.uk/patient-information/translations/urdu)

تمام ترجمے Translators Without Borders کی مترجم برادری کی طرف سے فراہم کئے جاتےہیں۔ ان ترجموں کا معیار ہر ممکن حد تک صحیح رکھنے کے لئے جانچا جاتا ہے، لیکن پھر بھی چند معلومات کی غلطیوں اور غلط تشریح کا خطرہ رہتا ہے۔

## ہمیں بتائیں کہ آپ کیا سوچتے ہیں

ہم اس کتابچے کو بہتر بنانے کے لیے تجاویز کا خیرمقدم کرتے ہیں۔

اگر آپ کے پاس کوئی تبصرہ ہے جو آپ کرنا چاہتے ہیں تو، براہ کرم انہیں ای میل کریں:
patientinformation@rcoa.ac.uk

رائل کالج آف اینیستھیٹسٹس
چرچل ہاؤس، 35 ریڈ لائن اسکوائر، لندن ڈبلیو سی 1 آر 4 ایس جی
020 7092 1500

**www.rcoa.ac.uk**

دوسری اشاعت، نومبر 2021
اس کتابچے کی اشاعت کی تاریخ کے تین سال کے اندر جائزہ لیا جائے گا۔

©2021 رائل کالج آف اینیستھیٹسٹس
اس کتابچے کو مریض کی معلومات کا مواد تیار کرنے کے لئے نقل کیا جا سکتا ہے۔ براہ کرم اس اصل ماخذ کا حوالہ دیں۔ اگر آپ اس کتابچے کا کچھ حصہ ایک دوسری اشاعت میں استعمال کرنا چاہتے ہیں تو مناسب اعتراف ضرور دیا جائے اور لوگو، برانڈنگ اور تصاویر کو لازماً ہٹا دیا جانا چاہیئے۔ مزید معلومات کے لیے، ہم سے رابطہ کریں۔